سوال

(94) نماز کے لیے اذان دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی گھر میں نماز ادا کرتا ہے اس کے لیے اذان دینا ضروری ہے یا نہیں۔ اگر نہیں دے گا تو کیا اس کی نماز ہو جائے گی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز ادا کرنے کے لیے اذان دینا ضروری نہیں ہے اگر بغیر اذان کے جماعت کروالی جائے تو نماز ادا ہو جائے گی اور اگر اذان کہہ لیں تو اس کا جواز ہے جیسا کہ صحیح بخاری وغیرہ میں ہے کہ انس رضی اللہ عنہ مسجد میں آئے تو جماعت ہو چکی تھی تو انہوں نے اذان واقامت کہی اور جماعت سے نماز ادا کی۔ اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے اذان اور اقامت کے بغیر جماعت کرانا بھی ثابت ہے جیسا کہ طبرانی کبیر اور کتاب الآثار وغیرہما میں منقول ہے۔

کوئی دلیل ایسی کتاب وسنت میں ہمیں معلوم نہیں جس سے یہ لازم آتا ہو کہ جماعت کے لیے اذان کہنا فرض وواجب ہے اس کے بغیر جماعت نہیں ہوتی۔ اذان تو صرف مسجد میں نماز ادا کرنے کے لیے اطلاع کا نام ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الصلوٰۃ، صفحہ: 141

محدث فتویٰ